T.C-040

016/DD/24

| Register Number | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

**DEPARTMENTAL EXAMINATIONS**

**TRANSLATION TEST – SECOND PAPER – TRANSLATION OF NEWS PAPER REPORT IN URDU TO ENGLISH**

(Without Books)

Maximum Time : 2.30 hours Maximum Marks : 100

(N.B - Marks will be deducted for bad handwriting)

Answer the following all questions **(5 × 20 = 100)**

ذیل کی عبارت کا انگریزی میں ترجمہ کیجئے (Translate into English) :

1. ہندوستان کے مالا مال ورثے کا تحفظ۔حکومتی اقدام اور ثقافتی احیاء۔

نئی دہلی (یو این آئی) ہندوستان اپنی وسیع تاریخ اور ثقافتی تنوع کے ساتھ ساتھ متعدد قدیم مقامات اور وراثتی یادگاروں کا گھر ہے جو انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔حکومت ہند نے ملک کے لازوال اور بھرپور ثقافتی ورثے کے تحفظ کی اہمیت کو تسلیم کیا ہے۔حکومت کی کوششوں کی قیادت وزیر اعظم نے اس نعرے کے تحت کی ہے جو انہوں نے دیا تھا 'وکاس بھی، وراثت بھی'۔وزیر اعظم نے قومی اور بین الاقوامی سطح پر ہندوستانی تعلیمی نظام، روایات اور ثقافتی اقدار کے تحفظ اور فروغ کو بہت اہمیت دی ہے۔قابل ذکر کارناموں میں سے ایک تہذیبی اہمیت کے نظر انداز شدہ مقامات کی از سر نو تعمیر ہے۔مئی 2023ء تک، 1584.42 کروڑ روپے کی لاگت سے کل 45 پروجیکٹوں کو منظوری دی گئی ہے جن میں ملک بھر کے تیرتھ مقامات کا احاطہ کیا گیا

[Turn over

ہے۔انھیں ہندوستان کی قدیم تہذیبی ورثہ کے تحفظ کے لئے حکومت کی جانب سے پرساد (پلگریمیج ریجونیشن اینڈ اسپریچوئل آگمنٹیشن ڈرائیو) اسکیم کے تحت منظوری دی گئی ہے۔کئی دہائیوں کی نظر اندازگی کے بعد، ہندوستان کی طویل تہذیبی تاریخ کے ساتھ ساتھ مختلف مقامات کا تحفظ، بحالی اور ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے احیاء کیا گیا ہے۔ وارانسی میں کاشی وشوناتھ کوریڈور اور دیگر پروجیکٹوں نے شہر کی چھوٹی گلیوں، گھاٹوں اور مندروں کے احاطوں کی صورت بدل دی ہے۔اسی طرح اجین میں مہا کال لوک پروجیکٹ اور گوہاٹی میں ماں کاماکھیا کوریڈور جیسے پروجیکٹوں سے امید کی جاتی ہے کہ وہ مندر کا درشن کرنے والے عقیدت مندوں کو بہتر محسوس کرائیں گے۔انہیں عالمی معیار کی سہولیات فراہم کریں گے نیز سیاحت اور مقامی معیشت کو فروغ دیں گے۔

2. اثرات تباہ کن ہو سکتے ہیں، یوکرین میں بمباری سے بڑا ڈیم تباہ

کیف/لندن، 6 جون (آئی این ایس) یوکرین نے الزام عائد کیا ہے کہ روس کی افواج نے ایک بڑے ڈیم کو تباہ کردیا ہے جس کے نتیجے میں نشیبی آبادی کے ڈوبنے کا خطرہ پیدا ہوگیا ہے۔خبر رساں ایجنسی ایسوسی ایٹڈ پریس کے مطابق منگل کو یوکرینی حکام نے بتایا کہ روس کے زیرِ قبضہ جنوبی یوکرین کے ایک بڑے ڈیم اور ہائیڈرو الیکٹرک پاور اسٹیشن کو تباہ کردیا گیا ہے۔وہیں یوکرین کے حکام نے ڈیم ٹوٹنے سے خطرے میں آنے والی آبادی کو فوری علاقہ خالی کرنے کے لئے کہا ہے۔دوسری جانب روسی حکام نے کہا ہے کہ خود یوکرین کی فوج نے اپنے ہی ڈیم کو ایک حملے میں تباہ کیا ہے۔ڈیم ٹوٹنے سے کئی اثرات ہو سکتے ہیں جن میں گھروں، گلیوں اور کاروبار کا زیرِ

آب آنا، زیرِ زمین پانی کی سطح گرنا، یورپ کے سب سے بڑے نیوکلئیر پاور پلانٹ کو ٹھنڈا رکھنے میں مشکلات کے علاوہ روس کے زیرِ کنٹرول کریمیا میں پینے کے پانی کی ترسیل متاثر ہوسکتی ہے۔ یوکرین پر روس میں مشکلات کے علاوہ روس کے زیرِ کنٹرول کریمیا میں پینے کے پانی کی ترسیل متاثر ہوسکتی ہے۔ یوکرین پر روس کے حملے کو 16 ماہ گذر چکے ہیں اور ڈیم کی تباہی سے اب یہ جنگ ایک نئے اور پیچیدہ مرحلے میں داخل ہورہی ہے۔ روس سے قبضہ چھڑانے کے لئے یوکرین کی افواج جوابی حملے کررہی ہیں اور ملک کے مشرق اور جنوب میں جنگی محاذ پر ایک ہزار کلومیٹر کے علاقے میں جنگی کاروائی پھیل گئی ہے۔ اقوام متحدہ کی ایٹمی ایجنسی نے ٹویٹ کیا ہے کہ اس کے ماہرین یوکرین کے پاور پلانٹ میں صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں اور فوری طور پر کسی خطرے کی بات نہیں۔

3. **ممتا حکومت کو سپریم کورٹ سے جھٹکا، پنچایت چناؤ میں مرکزی افواج کی تعیناتی مغربی بنگال میں پنچایتی انتخابات میں مرکزی فورسز کی تعیناتی سے متعلق کلکتہ ہائی کورٹ کے حکم کو چیلنج کرنے والی عرضی خارج**

نئی دہلی: سپریم کورٹ نے مغربی بنگال میں پنچایتی انتخابات میں مرکزی فورسز کی تعیناتی سے متعلق کلکتہ ہائی کورٹ کے حکم کو چیلنج کرنے والی ایک عرضی کو خارج کردیا ہے۔ سپریم کورٹ نے ہائی کورٹ کے حکم میں مداخلت کرنے سے انکار کردیا۔ مغربی بنگال میں آئندہ پنچایتی انتخابات کے پیش نظر کلکتہ ہائی کورٹ نے 48 گھنٹے کے اندر ہر

ضلع میں مرکزی سیکورٹی فورسز کی تعینات کا حکم دیا تھا۔اس حکم کے خلاف سپریم کورٹ میں درخواست دائر کی گئی تھی ۔اس پر آج سپریم کورٹ میں سماعت ہوئی۔سماعت کے دوران جسٹس ناگرتنا نے پوچھا کہ اب وہاں زمینی صورتحال کیا ہے؟اس پر مغربی بنگال حکومت کے وکیل سدھارتھ اگروال نے کہا کہ 13 جون کو ریاستی الیکشن کمیشن سیکورٹی کے حوالے سے ریاستی حکومت کے ساتھ اسسمنٹ کر رہا تھا لیکن 15 جون کو ہائی کورٹ نے 48 گھنٹے کے اندر نیم فوجی دستوں کی تعیناتی کا حکم دیا۔سدھارتھ اگروال نے کہا کہ الیکشن 8 جولائی کو ہونا ہے۔کاغذات نامزدگی واپس لینے کی آج آخری تاریخ ہے۔پوری ریاست میں 189 حساس بوتھ ہیں۔مغربی بنگال حکومت کی جانب سے کہا گیا کہ ہم سیکورٹی کے لئے پوری طرح تیار ہیں۔اس پر جسٹس ناگرتنا نے کہا کہ ہائی کورٹ نے یہ حکم اس لئے دیا کہ 2013ء اور 2018ء میں تشدد کی پرانی تاریخ ہے۔جسٹس ناگرتنا نے کہا کہ تشدد کے ماحول میں انتخابات نہیں ہوسکتے۔انتخابات آزادانہ اور منصفانہ ہونا چاہئے۔جسٹس ناگارتنا نے کہا کہ اگر لوگوں کو کاغذات نامزدگی داخل کرنے کی بھی آزادی نہیں ہے۔ان کا قتل ہورہا ہے،تو آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ہائی کورٹ نے تشدد کے تمام واقعات کو دیکھتے ہوئے ایسا حکم دیا ہوگا۔بنگال حکومت کے وکیل نے کہا کہ 2013 میں ریاستی حکومت نے خود مرکزی فورس کو طلب کیا تھا۔جوصورتحال 2013 میں تھی،وہ 2023ء میں نہیں ہوسکتی۔حکومت بنگال نے کہا کہ ریاستی الیکشن کمیشن یہ فیصلہ لینے کے لئے ریاستی حکومت کے ساتھ مشاورت کی سفارش کرتا ہے۔یہ فیصلہ اس پر مسلط نہیں کیا جاسکتا۔سپریم کورٹ نے یہ بھی پوچھا کہ ریاستی الیکشن کمیشن نے اب تک کیا کیا ہے؟ ریاستی کمیشن کی طرف سے پیش ہونے والی ایڈوکیٹ میناکشی نے کہا کہ حساس بوتھوں کی نشاندہی کی جارہی ہے۔

016/DD/24

## 4. راج ناتھ سنگھ نے آئی این ایس وکرانت پر یوگا کیا

نئی دہلی: وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے یوگا کے 9ویں بین الاقوامی دن کے موقع پر ہندوستان کے دیسی طیارہ بردار جہاز آئی این ایس وکرانت پر مسلح افواج اور ہندوستانی کوسٹ گارڈ کے اہلکاروں کے ساتھ یوگا کیا۔ بحریہ کے سربراہ ایڈمرل آر ہری کمار، ان کی اہلیہ جو نیول ویلفیئر اینڈ اسوسی ایشن کی صدر ہیں، محترمہ کلا ہری کمار، حکومت ہند کے چیف ہائیڈروگرافر وائس ایڈمرل ادھیرا ر روڑا، کنٹرولر آف پرسنل سروسز، وائس ایڈمرل کرشنا سوامی ناتھن اور جنوبی بحری کمانڈ کے چیف آف اسٹاف ریئر ایڈمرل جے سنگھ بھی 120 اگنی ویروں سمیت 800 سے زیادہ اہلکاروں کے ساتھ موجود تھے۔ راج ناتھ سنگھ نے لوگوں سے یوگا کو اپنے روزمرہ کے معمولات میں شامل کرنے کی اپیل کی۔ کیونکہ یہ جسم کو دماغ کے ساتھ متحد کرتا ہے۔ اس کے علاوہ انسان کو فطرت اور الٰہیات سے جوڑتا ہے۔ جب کہ روحانی شعور کے حصول کے لئے ایک مضبوط بنیاد کے طور پر کام کرتا ہے۔ انہوں نے یوگا کو امرت کے مترادف قرار دیا۔ جو جسمانی، ذہنی اور روحانی تندرستی کے لئے راہ ہموار کرتا ہے اور دماغ، جسم اور روح کی پرورش کے لئے بے شمار امکانات کو کھولتا ہے جب کہ لوگوں کی روزمرہ کی زندگی میں بڑے پیمانے پر کلی شفایابی کی پیشکش کرتا ہے۔ انہوں نے اس مشق کے عالمی جشن کو ملک کے لئے بڑے فخر کی بات قرار دیا کیونکہ پوری دنیا میں پھیلانے کی حکومت کی کوششوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ہندوستان نے دنیا کو یہ پیغام دینے میں کامیابی حاصل کی ہے کہ یہ مشق پوری انسانیت کو متعدد فوائد فراہم کرتی ہے۔

## 5. راجستھان میں پپر جوئے طوفان کے سبب ریکارڈ بارش

## کئی اضلاع میں سیلاب جیسے حالات

جے پور(۲۱ جون) راجستھان میں پپر جوئے طوفان کے سبب ریکارڈ بارش درج کی گئی ہے۔محکمہ موسمیات کے افسران کے مطابق پپر جوئے کے سبب راجستھان میں اوسط 28.74 ملی میٹر کے مقابلے 92.09 ملی میٹر بارش ہوئی جو 220 فیصد سے زیادہ ہے۔پپر جوئے گردابی طوفان کے سبب ہوئی موسلا دھار بارش سے باڑ میر، جودھپور، پالی، سریہی اور جالور ضلعوں میں سیلاب آ گیا۔علاوہ ازیں اجمیر میں بھی زوردار بارش ریکارڈ کئے جانے کے بعد سیلاب کا نظارہ دیکھنے کو ملا۔افسران نے کہا کہ موسلا دھار بارش کے بعد کئی ندیوں میں زبردست طغیانی دیکھنے کو مل رہی ہے۔مجموعی طور پر 19 ضلعوں میں زوردار سے بہت زوردار بارش درج ہوئی ہے۔محکمہ کے مطابق بدھ کے روز اس بارش میں کمی ضرور دیکھنے کو ملی تھی۔لیکن شمالی اضلاع میں کچھ مقامات پر بارش کا نظارہ دیکھنے کو ملا۔ بتایا جاتا ہے کہ پپر جوئے کے سبب راجستھان میں جولائی تک کی بارش کا کوٹہ ابھی سے پورا ہو چکا ہے۔محکمہ کا اندازہ ہے کہ اس سال مانسون تاخیر سے آئے گا اور معمول سے کمزور رہے گا۔لیکن پپر جوئے نے راجستھان میں مغرب سے لے کر مشرق تک کے ضلعوں کو بارش سے شرابور کر دیا ہے۔واضح رہے کہ گجرات میں گردابی طوفان کی رفتار 150-125 کلومیٹر فی گھنٹہ تھی۔ یہ گردابی طوفان کچھ کے علاقے کو پار کر کے راجستھان میں داخل ہوا تو ایک مضبوط دباؤ میں بدل گیا۔راجستھان میں ذیلی سطح پر گردابی طوفان کو نمی نہیں ملنے کے سبب ذیلی دباؤ کا علاقہ بنتے ہی موسلا دھار بارش ہوئی۔

---